سوال

(273)مسلمان کن صورتوں میں دائرہ اسلام سے خارج ہوتا ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

گزارش ہے کہ تفصیل سے بیان فرمائیں کہ کوئی شخص کس کس صورت میں اسلام سے خارج ہوجاتا ہے اوراس کافر کا کیا حکم ہے ؟ نیزارتداد، کفردون کفراوراس قسم کے کفار سے دوستانہ تعلق استوار کرنے اوراللہ تعالیٰ کےلئے کسی سے بغض رکھنے کے مسائل پر بھی روشنی ڈالیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

وہ اعمال جن کی وجہ سے کوئی شخص اسلام سے خارج ہوکر کافر ہوجاتا ہے ، بہت سے ہیں۔ مثلاًجن امور کا دین اسلام میں واجب ہونا اس قدر معروف ہے کہ ہر خاص وعام کو معلو ہے ، ان کا انکارکرنا جیسے نماز، زکوۃ روزہ یاحج کی فرضیت کا انکار۔ یاجن اعمال کا اسلام میں حرام ہونا معروف ہے انہیں حلال کہنا جیسے بدکاری ، شراب نوشی ،ناحق قتل اوروالدین کی نافرمانی وغیرہ۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ یارسول اللہ ﷺ کی شان میں گستاخی کرنا ، یااسلام یافرشتوں کوبرابھلاکہنا اوراس قسم ے دوسرے اعمال ایک مسلمان کوکافربنادیتے ہیں۔ مزید تفصیل کےلئے فقہ کی کتابوں میں مذکورمرتد کے احکام کا مطالعہ کریں۔

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ